# ریاستی مشینری کی جانب سے شہریوں کی جبری گمشدگیوں کو سیاسی استحصال کے ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا معاملہ

شہریوں کی جبری گمشدگیاں ملک میں آئین، قانون، اقدار، جمہوریت اور انسانیت کے خلاف سنگین جرم قرار

مہذّب دنیا اپنے شہریوں کیخلاف ماورائے دستور اقدامات کرتے ہوئے ان کے حقوق و آزادیوں پر حملہ آور ریاستوں کو نہایت نفرت و حقارت کی نگاہ سے دیکھتی ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستورِ مملکت ہر شہری کی عزّتِ نفس، جان، مال، آبرو کا ضامن، اسے ریاست کے ہاتھوں ماورائے قانون ظلم و استحصال سے مکمل تحفّظ فراہم کرتا ہے، ترجمان تحریک انصاف

بدنامِ زمانہ ”لندن پلان“ اور بدترین سیاسی انجینئرنگ کے جاری سلسلے کے تحت تحریک انصاف کے قائدین اور کارکنان کیخلاف جبری گمشدگیوں کا شرمناک سلسلہ جاری ہے، ترجمان تحریک انصاف

دستور کے تحت عدلیہ شہریوں کے بنیادی آئینی حقوق کے تحفّظ کی ذمہ دار اور بےگناہ شہریوں کو ریاستی ظلم و زیادتی سے محفوظ رکھنے کی پابند ہے، ترجمان تحریک انصاف

چیف جسٹس آف پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان، قائدین اور ان کے اہلِ خانہ کیخلاف جاری جبر و وحشت کے اس شرمناک سلسلے کا فوری نوٹس لیں، ترجمان تحریک انصاف

ملک میں ریاست کے ہاتھوں شہریوں کی جبری گمشدگیوں کا سلسلہ روکا جائے اور پرتشدد طور پر لاپتہ کئے گئے تمام شہریوں کو ریاستی اغواء کاروں سے بازیاب کروایا جائے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ